علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کرلیں که

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی-

کورس: اردو تدریس (6494) **سمسٹر خزاں:** 2026

سطح: بی ایڈ(اڑھائی/چار سالہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدیات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ

1. تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقین قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا سائز 5MB سے کم ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کیجیے۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔
6. آپ کے تجزیاتی نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث، معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1-5)

سوال نمبر 1 تدریسِ اردو کے مقاصد کے تعین سے کیا مراد ہے؟ نیز قومی مقاصدِ تعلیم اور تدریسِ اردو کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2 ادب کی اقسام بیان کریں۔ ادب کی تدریسی اہمیت پر بھی تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 تدریسِ نظم کے مقاصد بیان کریں۔ نظم کی تدریس میں استاد کے کردار اور مہارتوں پر تفصیل سے تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 تدریسی تدابیر سے کیا مراد ہے؟ اردو نثر کی تدریس پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 پاکستان میں تدریسِ اردو کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 6-9)

سوال نمبر 1 سبق کی منصوبہ بندی کے مراحل بیان کریں۔ نثر کے کسی ایک سبق کی مثال سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 انشاء کی مختلف اقسام بیان کریں اور ہر قسم کی تدریسی اہمیت پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 ڈرامے کی اقسام بیان کریں اور ہر قسم کی ادبی اور تعلیمی خصوصیات پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 قواعد کی تعریف کریں اور اردو زبان کی تدریس میں اس کی افادیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5 تدریسِ زبان کے مختلف طریقوں کی وضاحت کریں اور ان کے عملی فوائد و نقصانات پر روشنی ڈالیں۔ (20)